کوئی شخص دو لوگوں کے درمیان غصے کی حالت میں فیصلہ نہ کرے

عبدالرحمٰن بن ابی بکرہ کہتے ہیں کہ میرے والد نے لکھا یا میں نے ان کے لیے ان کے فرزند عبیداللہ بن ابی بکرہ کے نام لکھا، جب کہ وہ سجستان کے قاضی تھے: تم دو لوگوں کے درمیان غصے کی حالت میں فیصلہ نہ کرو، اس لیے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: ”کوئی شخص دو لوگوں کے درمیان غصے کی حالت میں فیصلہ نہ کرے“ اور ایک روایت میں ہے:”کوئی ثالث دو آدمیوں کے درمیان فیصلہ اس وقت نہ کرے، جب وہ غصے میں ہو“

[صحیح] [متفق علیہ]

شارع حکیم نے حاکم کو لوگوں کے درمیان غصے کی حالت میں فیصلہ کرنے سے روکا ہے؛ کیوں کہ غصے آدمی کی شخصیت اور توازن پر اثر انداز ہوتا ہے ایسے میں اس بات کا خدشہ رہتا ہے کہ وہ غصے کی حالت میں ظلم کربیٹھے یا صحیح کوغلط قرار دے ڈالے اس طرح یہ محکوم پر ظلم ہوگا اورحاکم خسارے وگناہ اٹھائے گا

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/2988